# 23-04-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے سیاسی جماعتوں سے کہا کہ وہ بغیر کسی وسائل کے صرف زبانی طور پر عوام سے غلط وعدے نہ کریں۔ انہوں نے اینٹی ڈیفیکشن قانون کی مضبوطی پر زور دیا۔

☆ دہلی کی عدالت نے وزیراعلیٰ دہلی اروند کجریوال اور بی آر ایس کے رکن کونسل کے کویتا کی دہلی شراب اسکام کے منی لانڈرنگ معاملہ میں عدالتی تحویل کی مدت میں سات مئی تک توسیع کی ہے۔

☆ بی جے پی کی امیدوار حیدرآباد، عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر اور پداپلی سے پارلیمانی انتخابات کیلئے کل اور پرسوں اپنا پرچہ نامزدگی داخل کریں گے۔

☆ تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش ریاست کے مختلف مقامات عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، وقارآباد، سنگاریڈی اور کاماریڈی اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران متوقع ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سینئر قائد امیت شاہ جمعرات کے دن میدک لوک سبھا حلقہ کے سدی پیٹ میں عوامی اجلاس سے خطاب کریں گے۔ وہ یہاں پر بی جے پی امیدوار رگھونندن راؤ کے لئے مہم چلائیں گے۔ سدی پیٹ کے ڈگری کالج گراؤنڈ پر عوامی جلسہ سے خطاب کے بعد وہ حیدرآباد سے دہلی کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ اس دوران مرکزی وزیر برائے اطلاعات ونشریات اور بی جے پی کے سینئر قائد انوراگ سنگھ ٹھاکر حیدرآباد پارلیمانی نشست کی امیدوار مادھوی لتا کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لیں گے اور کل پرچہ نامزدگی داخل کرتے وقت موجود رہیں گے۔ یہ ریالی گولی گوڑہ سے حیدرآباد کلکٹریٹ آفس تک نکالی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

ہنومان جینتی کے موقع پر آج دونوں شہروں حیدرآباد وسکندرآباد میں بڑے پیمانے پر شوبھایاترا مختلف مقامات سے نکالی گئی۔ مرکزی شوبھایاترا آج صبح گولی گوڑہ کے لارڈ راما مندر سے نکالی گئی۔ مختلف مقامات سے نکالے جارہے جلوس آج شام سکندرآباد کے تاڑبن پر پہنچیں گے۔ مختلف مقامات سے نکالے جارہے جلوس مرکزی شوبھا یاترا جلوس میں شامل ہورہے ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مند ہنومان جینتی تقاریب میں حصہ لے رہے ہیں۔ جلوس کے بہتر انتظامات اور امن وامان کی برقراری کے لئے بڑی تعداد میں پولیس جوانوں کو تعینات کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش ریاست کے مختلف مقامات عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، وقارآباد، سنگاریڈی اور کاماریڈی اضلاع میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ طوفانی ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش، بونداباندی ریاست کے اضلاع عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل اور نظام آباد میں کل متوقع ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کے مختلف مقامات بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم، نلگنڈہ، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں کل دھوپ کی لو برقرار رہے گی۔ گزشتہ کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 42.8 ڈگری سلسیس عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلہ کیلئے انتخابی مہم زوروشور سے جاری ہے جو کل اختتام پذیر ہوگی۔ سیاسی جماعتوں کے قائدین ملک کے طول وعرض میں انتخابی مہم چلارہے ہیں اور ووٹروں کو اپنی جانب راغب کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ دوسرے مرحلہ کی پولنگ میں تیرہ ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے نواسی حلقوں میں انتخابات منعقد ہوں گے۔ اس دوران بی جے پی کے سینئر قائد ومرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے کانگریس کے سینئر لیڈر پی چدمبرم پر شدید تنقید کی، چدمبرم نے کہا تھا کہ انڈیا بلاگ کے برسراقتدار آنے پر سی اے اے کو منسوخ کردیا جائے گا۔

بھارتی جنتا پارٹی کے حیدرآباد، عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر اور پدا پلی کے امیدوار کل اور پرسوں جمعرات کے دن اپنے پرچہ نامزدگی داخل کریں گے۔ واضح رہے کہ پچیس اپریل پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ پارٹی کے ریاستی جنرل سکریٹری پریمیندر ریڈی بتایا کہ پارٹی کی حیدرآباد سے امیدوارہ مادھوی لتا اور عادل آباد کے امیدوار ناگیش کل اپنا پرچانامزدگی داخل کریں گے جبکہ اروند دھرما پوری، بنڈی سنجے اور سرینواس نظام آباد، کریم نگر اور پدا پلی حلقوں سے بالترتیب اپنے پرچہ نامزدگی جمعرات کے دن داخل کریں گے۔ امور خارجہ کے وزیر جے شنکر عادل آباد پارلیمانی حلقہ کی پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے موقع پر موجود رہیں گے۔ جبکہ اترکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر دھامی نظام آباد حلقہ سے امیدوار اروند دھرما پوری کی پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے موقع پر نکالی جانے والی ریالی میں شرکت کریں گے۔ اسی روز گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر بھائی پٹیل بنڈی سنجے کی پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے موقع پر نکالی جانے والی ریالی میں شرکت کریں گے اور کریم نگر اور ناگر کرنول میں انتخابی جلسوں سے بھی خطاب کریں گے۔ بی جے پی لیجسلیچر پارٹی کے قائد مہیشور ریڈی اور رکن اسمبلی ہریش بابو عادل آباد سے بی جے پی کے امیدوار سرینواس کی پرچہ نامزدگی کے موقع پر موجود رہیں گے۔

☆☆☆☆☆

ضلع پدا پلی کے متارام منڈل کے اوڈیڈو میں کل رات ایک زیر تعمیر برج منہدم ہوگیا۔ پولیس کے بموجب یہ برج ضلع پدا پلی میں اوڈیڈو اور گرامیلا پلی جے شنکر بھوپال پلی ضلع کے درمیان تعمیر کیا جارہا تھا۔ تعمیر کا آغاز 2016 میں شروع کیا گیا تھا۔ اس دوران کنٹراکٹرس کی تبدیلی اور فنڈس ناکافی ہونے کی وجہ سے تعمیری کام طویل عرصہ سے تعطل کا شکار تھا۔ عہدیداروں نے آج صبح مقام واقعہ کا جائزہ لیا ہے۔

☆☆☆☆☆

دہلی کی عدالت نے وزیر اعلیٰ دہلی اروند کجریوال اور بی آر ایس کے رکن کونسل کے کویتا کی دہلی شراب اسکام کے منی لانڈرنگ معاملہ میں عدالتی تحویل کی مدت میں سات مئی تک توسیع کی ہے۔ سی بی آئی اور ای ڈی کی خصوصی جج کاویری باویجا نے عدالتی تحویل میں توسیع کی ہے۔ واضح رہے کہ کورٹ نے ویڈیو کانفرنس پر پیشی کے بعد ریمانڈ میں توسیع کی ہے۔ سی بی آئی کی جانب سے کرپشن سے متعلق ایک معاملہ میں بھی بی آر ایس ایم ایل سی کویتا کی عدالتی تحویل کی مدت کو سات مئی تک توسیع دیدی ہے۔ سی بی آئی نے کویتا کو تہاڑ جیل سے گرفتار کیا جہاں وہ منی لانڈرنگ معاملہ میں انفوسمنٹ کی جانب سے حراست میں لئے جانے کے بعد عدالتی تحویل میں تھیں۔

☆☆☆☆☆

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے سیاسی جماعتوں سے کہا کہ وہ بغیر کسی وسائل کے صرف زبانی طور پر عوام سے غلط وعدے نہ کریں۔ وہ آج ان کی رہائش گاہ پر نئی دہلی میں پدما ایوارڈ حاصل کرنے کے بعد ایک تقریب میں خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی ذمہ داری اور وسائل کی موجودگی کے اس طرح کی مفت تقسیم اور وعدے کرنا سماج کیلئے صحت مند علامت نہیں ہے۔ اس موقع پر انہوں نے پدما وی بھوشن ایوارڈ حاصل ہونے پر اظہار تشکر کیا۔ واضح رہے کہ یہ ملک کا دوسرا اعلیٰ ترین شہری اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک تیئں ان کی گراں قدر خدمات اور سماج کے تیئں ان کی کوششوں کیلئے انہیں یہ ایوارڈ حاصل ہوا ہے۔ نائیڈو کو کل راشٹراپتی بھون میں تقریب کے دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پدما وی بھوشن ایوارڈ سے نوازا تھا۔

☆☆☆☆☆

چیف سکریٹری شانتی کماری نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اس ماہ کی چھبیس تاریخ کو نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر کے ریاست کے دورہ کے موقع پر تمام ضروری انتظامات کو جلد از جلد مکمل کریں۔ انہوں نے تمام محکمہ جات کے عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا اور اس موقع پر محکمہ پولیس کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تمام حفاظتی انتظامات ٹرائفک اور بندوبست کے انتظامات کو قطعیت دیں۔ محکمہ صحت کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ تمام طبی سہولتیں اور میڈیکل اسٹاف کے ساتھ مہیا رکھیں۔ چیف سکریٹری نے تمام محکمہ جات کو باہمی تعاون واشتراک کے ساتھ کام کرنے کا بھی مشورہ دیا تاکہ نائب صدر جمہوریہ کے موقع پر انتظامات کو احسن طریقہ سے انجام دیا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

عثمانیہ یونیورسٹی آرٹس کالج حیدرآباد کی تاریخی عمارت ایک ٹریڈ مارک اسٹرکچر کی حیثیت حاصل کرچکی ہے۔ایسی صورت میں عثمانیہ یونیورسٹی کو اپنی خدمات کے لئے تاریخی عمارت کی ٹریڈ مارک کے استعمال کی اجازت رہے گی۔IPR کی چیئر پرسن عثمانیہ یونیورسٹی ڈی پی آئی ٹی جی وی ریڈی نے کہا کہ مختلف خانگی ادارے بھی ٹریڈ مارک کو اپنی خدمات کی توسیع کیلئے استعمال کرتے ہیں اسی طرح عثمانیہ یونیورسٹی کو بھی ٹریڈ مارک کی حیثیت حاصل ہوگئی ہے۔واضح رہے کہ عثمانیہ یونیورسٹی نے OU آرٹس کالج کو انڈین ٹریڈ مارک ایکٹ 1999 کے تحت خصوصی ٹریڈ مارک کا درجہ دینے کیلئے درخواست داخل کی تھی۔

☆☆☆☆☆